نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

،سر آغا خان سوئم روڈ، لاہور 21

Phone: 042-99200731, 99200729

Email:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

گندم کی فصل کیلئے متوازن اور متناسب کھادوں کا استعمال، فی ایکڑ زیادہ پیداوار کا ضامن۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:22نومبر2024:ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق گندم کے کاشتکار فصل کی بہتر پیداوار کے لیے متوازن اور متناسب کھادوں کا استعمال کریں۔ فاسفورسی اور پوٹاش کھاد کا استعمال بوائی کے وقت بذریعہ ڈرل کرنا انتہائی مفید ثابت ہوتا ہے۔ کاشتکار زمین کی زرخیزی کے مطابق کھاد کا استعمال کریں تاکہ پیداوار میں اضافہ ممکن ہوسکے۔

ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ گندم کے کاشتکاروں کو کھادوں کے متناسب استعمال کے لیے زمین کا تجزیہ کرانا ضروری ہے۔ فاسفورسی اور پوٹاش کھاد کی تمام مقدار اور نائٹروجنی کھاد کی پہلی قسط بوائی کے وقت استعمال کی جائے۔ نائٹروجنی کھاد کو2یا3برابر اقساط میں استعمال کیا جائے، جبکہ ریتلے علاقوں میں اس کی مقدار 4یا زیادہ اقساط میں ڈالی جائے۔ اگر فاسفورسی یا پوٹاش کھاد بوائی کے وقت نہ ڈالی جاسکے تو اسے پہلے پانی کے ساتھ استعمال کرنا ضروری ہے۔ پچھیتی کاشت کی صورت میں کھاد کی پوری مقدار بوقت ہوائی ہی ڈال دی جائے، اور بارانی علاقوں میں کھاد کی ساری مقدار بوقت بوائی استعمال کی جائے۔ کلراٹھی زمینوں میں کیمیائی تجزیہ کے مطابق مون سون سے پہلے جپسم کا استعمال کیا جائے۔ ترقی پسند کاشتکاروں کے لیے 2بوری ڈی اے پی فی ایکڑ استعمال کرنے کی تجویز دی جاتی ہے۔

ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کاشتکاروں کو گندم کی فصل میں کھاد کا استعمال فصل کی ضروریات کے مطابق کرنے کی ہدایت کی ہے تاکہ گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیا جاسکے۔

****